34593-کیا ہم مسجد میں نماز ادا کرنے والے شخص کے متعلق ایمان کی گواہی دے سکتے ہیں ؟

سوال

کیا صرف مسجد میں نماز ادا کرنے والے شخص کے متعلق ایمان کی گواہی دی جا سکتی ہے، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

"جی ہاں بلاشک جو شخص مساجد میں نماز کے لیے حاضر ہوتا ہے اس کا حاضر ہونا ایمان کی دلیل ہے، کیونکہ اسے گھر سے نکل کر مسجد جانے کی تکلیف کرنے پر صرف اللہ تعالی پر ایمان نے ہی ابھارا ہے.

اور سائل کا یہ کہنا کہ "جیسا کہ حدیث میں آیا ہے" یہ اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جب تم کسی شخص کو مساجد میں آتا دیکھو تو اس کے ایمان کی گواہی دو"

لیکن یہ حدیث ضعیف ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پایہ ثبوب کو نہیں پہنچتی" اھ.